Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے کچے کے ڈاکوؤں کی مجرمانہ کارروائیوں میں شدّت کی بڑھتی ہوئی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار

ریاست دستوری طور پر شہریوں کے جان و مال کی سلامتی بلا تفریق یقینی بنانے کی پابند ہے،

سماجی میڈیا پر عوام اور ذرائع ابلاغ کے نمائندے کچے کے ڈاکوؤں کی سرگرمیوں کے حوالے سے مسلسل خبردار کر رہے ہیں جبکہ قومی ذرائع ابلاغ کڑی پابندیوں کے سائے میں صورتحال پر رپورٹنگ تک سے عاجز نظر آرہا ہے،

عوامی مینڈیٹ پر کھلے ڈاکے کے ذریعے پکے کے ڈاکوؤں کے اقتدار میں آتے ہی کچے کے ڈاکوؤں کی کارروائیوں میں شدّت کی اطلاعات تشویشناک ہے،

لاقانونیت اور قانون کے امتیازی نفاذ کے نتیجے میں جمہور بد ترین استحصال اور ظلم و فسطائیت کے حصار میں ہیں،

مجرموں کی اقتدار تک رسائی کے نتیجے میں عوام کے جان و مال اور بنیادی حقوق سنگین خطرات کی زد میں ہیں جبکہ پیشہ ور مجرم اور فتنہ گر اپنی سرگرمیوں میں آزاد ہیں،

مرکز، پنجاب اور سندھ کی حکومتوں میں بیٹھے پکے کے ڈاکو، کچے کے ڈاکوؤں کی سرپرستی ترک کرکے عوام کے جان و مال کی سلامتی و تحفظ یقینی بنائیں،

جب تک ملک میں قانون کی حکمرانی قائم نہیں ہوتی پاکستان اور عوام کچے اور پکے کے ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر رہیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ